# منصب کے امور اور اہلیت

(Job Description & Specification)

| JOB/SQ/08 | | | |
|---|---|---|---|
| **کام کرنے کی جگہ**(Workplace) | ذیلی حلقہ | **شعبہ**(Department) | قافلہ |
| **منصب**(Designation) | ذیلی حلقہ ذمہ دار | **جوابدہ**(Report to) | وارڈ ذمہ دار |
| **کام**(Function) | عاشقانِ رسول کو 3دن،12دن،1ماہ اور12ماہ کے قافلوں میں سفر کرنا/کروانا | **ماتحت اسٹاف** (Subordinate Staff) | - |

## منصب کے کام - Job Description

1. ذیلی حلقہ سطح پر شعبے کے تمام کاموں کی نگرانی (Supervision) کرنا اور نگران کو مکمل معاونت و معلومات (Information) فراہم کرنا۔
2. اپنا پیشگی و عملی جدول اپنے نگران کو پیش کرنا۔
3. طے شدہ نظام کے مطابق مدنی مشوروں میں تیاری کیساتھ اول تا آخر شرکت کرنا اور طے ہونے والے مدنی پھولوں کے اَہداف مکمل کرنا۔
4. ذمہ داران کے واٹس ایپ گروپ اپڈیٹ رکھنا۔
5. 3دن کے قافلوں میں سفر کرنا اور 12ماہ، 1ماہ، 12دن اور 3دن کے قافلے تیار کرنا/کروانا نیز ان قافلوں کو طے شدہ سمتوں (Directions) پر سفر کروانا۔
6. قافلوں میں شرکت کرنا اور دوران قافلہ آنے والے جملہ مسائل حل کروانا۔
7. قافلے میں جانے کے لیے نیتیں نیت ایپلیکیشن میں اپڈیٹ کروانا اور سفر کروانا۔
8. امیر قافلہ کورس، 26دن کا قافلہ کورس اور 26گھنٹے کی تربیتی نشستیں کروانے میں متعلقہ نگران کی معاونت کرنا اور اس میں شرکت کرنا۔
9. علاقائی دورہ/ایک دن راہِ خدا میں سفر کرنے والے عاشقانِ رسول کے ساتھ طے شدہ سمتوں/مقامات پر سفر کرنا۔
10. بڑی راتوں کے اجتماعات میں شعبے کا بستہ (Stall) لگانے میں معاونت کرنا۔
11. شعبے کے ایس او پیز (SOP's) اور جاب ڈسکرپشن (JD) کا مطالعہ کرنا نیز تنظیمی معلومات و اپڈیٹس سے آگاہ رہنا۔
12. شعبے سے متعلقہ تمام ریکارڈ اپڈیٹ رکھنا اور اپنے متعلق تمام طے شدہ کارکردگیاں اپنے نگران کو پیش کرنا۔
13. ذیلی سطح پر شعبہ جات کے ذمہ داران سے قافلوں کی کارکردگی لینا، جائزہ لینا اور رپورٹ اپنے نگران کو سینڈ کرنا۔
14. واٹس ایپ، کالز، میسجز چیک کرنا اور بروقت (Timely) ریپلائی کرنا نیز منصب کے مطابق نگران کی طرف سے ملنے والے کام بروقت مکمل کرنا۔
15. نگران کے ذریعے شعبے سے متعلق مسائل کی شرعی رہنمائی لینا۔

## منصب کی اہلیت - Job specification

- **دنیاوی تعلیم**: اردو لکھنا پڑھنا جانتا ہو     **دینی تعلیم**: ناظرہ قرآن پاک یا 3دن امیر قافلہ کورس یا 12دینی کام کورس یا فیضان نماز کورس کیا ہو
- Communication Skill

## اپنی دنیا اور آخرت کو بہتر کرنے اور دعوتِ اسلامی کے دینی ماحول میں استقامت پانے کے لیے درجہ ذیل امور پر عمل کی کوشش فرمائیں۔

- روزانہ 2گھنٹے 12دینی کاموں بالخصوص مدنی مذاکرہ، نیک اعمال، ہفتہ وار اجتماع اور بڑی راتوں کے اجتماعات میں شرکت فرمائیں۔
- سنت کے مطابق لباس، داڑھی، زلفیں اور سفید عمامہ وغیرہ اپنائیں۔
- اپنے متعلقہ فرض علوم سیکھیں۔
- شعبے کو خود کفیل کرنے کیلئے دیئے گئے (رمضان عطیات، ٹیلی تھون اور قربانی کی کھالوں وغیرہ کے) اہداف مکمل کرنے کی کوشش کریں۔
- عاشقانِ رسول (شخصیات) کے بچوں کا جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ، فیضان آن لائن اکیڈمی اور فیضان اسلامک اسکول سسٹم میں داخلہ کروائیں۔
- غمی خوشی کے مواقع (عیادت، تعزیت، کفن دفن اور شادی وغیرہ) میں شرکت کرنا نیز وقتاً فوقتاً علماء و مشائخ اور دنیاوی بااثر افراد سے ملاقات کریں۔
- شخصیات کو دعوتِ اسلامی کے اداروں (جامعۃ المدینہ، مدرسۃ المدینہ، دارالمدینہ، دارالافتاء اہلسنت، فیضانِ مدینہ وغیرہ) کا وزٹ کروائیں۔
- مکتبۃ المدینہ کی طرف سے شائع کردہ امیرِ اہلسنت کی تصنیفات اور اسلامک ریسرچ سینٹر (المدینۃ العلمیہ) کی دیگر کتب و رسائل عاشقانِ رسول میں تقسیم کریں۔